تعارف

noun نام کو کہتے ہیں دوسرے لفظوں میں ہر نام noun کہلاتا ہے۔ noun کی پُرانی تعریف کے مطابق noun کسی جگہ، چیز یا انسان کے نام کو کہتے ہیں لیکن یہ تعریف اس لئے مکمل نہیں ہے کہ بہت سے الفاظ کسی شخص، چیز یا جگہ کا نام نہیں ہوتے لیکن پھر بھی وہ noun کہلاتے ہیں جیسے destruction (تباہی) noun ہے لیکن یہ کسی جگہ، چیز یا انسان کا نام نہیں ہے۔ اسی لئے noun کی ٹھیک تعریف یہی ہے کہ یہ کسی بھی نام کو کہتے ہیں اور destruction کسی چیز یا عمل کا نام ہے۔ انگلش میں tion پر ختم ہونے والے تمام الفاظ noun ہوتے ہیں جیسے: hospitalization، education، pollution وغیرہ۔

noun کی مثالیں

chair, glass, place, machine, mobile, table, mountain, Shakespeare, book, file etc

noun کی اقسام

noun کی مندرجہ ذیل آٹھ اقسام ہیں؛

- Proper noun
- Common noun
- Abstract noun
- Material noun
- Plural noun
- Collective noun
- Countable noun
- Uncountable noun

Common noun اور Proper

آپ نے اکثر یہ دیکھا ہوگا کہ چیزوں کے دو نام ہوتے ہیں جیسے mountain اور K2، river اور Nile (دریائے نیل)، boy اور Ali، city اور Lahore۔ اِن تمام مثالوں میں آپ نے یہ اندازہ لگایا ہوگا ایک نام ایسا ہے جو کہ ایک جیسی تمام چیزوں کے لئے

استعمال ہوتا ہے جبکہ دُوسرا نام صرف ایک ہی چیز کیلئے استعمال ہوتا ہے جیسے mountain کا لفظ کسی بھی پہاڑ کیلئے استعمال ہوتا ہے جبکہ K2 صرف ایک ہی پہاڑ ہے اور اُس کے علاوہ کسی اور کو K2 نہیں کہا جا سکتا۔ ہر وہ نام جو کہ ایک جیسی تمام چیزوں کیلئے استعمال ہوتا ہے common noun کہلاتا ہے جبکہ وہ نام جو کہ صرف ایک ہی چیز کیلئے مختص ہوتا ہے proper noun کہلاتا ہے۔

common اور proper noun کی مثالیں

table

Abstract noun

ہر وہ چیز جسے دیکھا اور چھوا نہ جا سکے اور صرف محسوس کیا جا سکے اُس کے نام کو abstract noun کہا جاتا ہے مثلاً: Anger (غصہ)، pain (درد)، pleasure (خوشی)، emotion (جزبہ)، hatred (نفرت) وغیرہ۔

Material noun

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے material noun ہر اُس چیز کے نام کو کہتے ہیں جس سے دُوسری چیزیں بنائی جاتی ہیں۔ مثلاً plastic، glass (شیشہ)، wood (لکڑی)، iron (لوہا) وغیرہ۔

Plural noun اور Collective noun

plural noun چیزوں کی جمع کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ boy سے boys، book سے books، river سے rivers وغیرہ۔ اور اگر ہم s یا es لگانے کے بجائے چیزوں کی جمع کو کوئی اور نام دے دیں تو اُسے collective noun کہا جائے گا جیسے بکریوں اور بھیڑوں کی جمع کو flock (ریوڑ) کہا جاتا ہے۔ اسی طرح ستاروں کے جھرمٹ کیلئے cluster، کھاڑیوں کی جمع کیلئے team اور بھیڑیوں کے جھرمٹ کیلئے pack کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ اس کی مزید وضاحت نیچے دیے گئے ٹیبل سے ہوتی ہے۔ players اصل میں plural noun ہے جبکہ team collective noun ہے۔

Table of plural and collective noun

plural noun کو آگے جا کر regular اور irregular میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

Regular noun اور Irregular noun

Regular اور Irregular noun جیسا کہ اُوپر بتایا جا چکا ہے plural noun کی ہی دو مثالیں ہیں۔ کسی بھی noun کو plural بناتے وقت اگر s یا es لگایا جائے تو وہ regular noun کہلاتا ہے جیسے boy سے boys، girl سے girls، table سے tables وغیرہ۔ اور اگر plural بناتے وقت s یا es کا اضافہ نہ کیا جائے اور لفظ کی شکل بھی تبدیل ہوتی ہو تو اسے irregular noun کہا جاتا ہے جیسے mouse سے mice، foot سے feet، goose سے geese tooth سے teeth، وغیرہ۔

Countable noun اور Uncountable noun

Countable وہ noun ہیں کہ جنھیں گنا جاسکتا ہے جیسے ball، boy، chair، table، book، school وغیرہ۔ Uncountable nouns کو گنا نہیں جاسکتا جیسے water، oil، air، sugar، salt وغیرہ۔ Countable nouns کے لئے many اور Uncountable nouns کے لئے much کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے many books، many boys، many tables، much sugar، much salt، much cold وغیرہ۔

Copyright © All Rights Reserved

This pdf version is the property of **bslearning.com**